PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

# پی سی بی نے ڈومیسٹک سیزن 22-2021 کے شیڈول کا اعلان کر دیا

**لاہور، 9 اگست 2021ء:**

پاکستان کرکٹ بورڈ نے ڈومیسٹک سیزن 22-2021 کے شیڈول کا اعلان کر دیا، یہ سیزن دس ٹورنامنٹس پر مشتمل ہوگا جس میں 266 میچز کھیلیں جائیں گئے۔ پی سی بی کے ڈومیسٹک سیزن 21-2020 کے نو ٹورنامنٹس میں 220 میچز کھیلے گئے تھے، پاکستان کرکٹ بورڈ کو ڈومیسٹک سیزن کامیابی کے ساتھ مکمل کرنے والے واحد بورڈ کا اعزاز بھی حاصل ہے۔

پی سی بی کا ڈومیسٹک سیزن 22-2021 پاکستان کی میزبانی میں کھیلے جانے والے بین الاقوامی میچز سے مکمل طور پر الگ حیثیت رکھتا ہے، ستمبر 2021 سے مارچ 2022 کے درمیان پاکستان، نیوزی لینڈ، انگلینڈ، ویسٹ انڈیز اور آسٹریلیا کی میزبانی کرے گا اس دوران ایچ بی ایل پاکستان سپر لیگ بھی منعقد ہوگی۔

دوروزہ سی سی اے ٹورنامنٹ کے میچز ڈومیسٹک سیزن 22-2021 میں شامل نہیں ہیں، دوروزہ سی سی اے ٹورنامنٹ 16 جولائی کو شروع ہوا اور 22 اگست کو اختتام پذیر ہوگا۔ 90 سٹی کرکٹ ایسوسی ایشنز اس ٹورنامنٹ میں حصہ لے رہی ہیں، سی سی اے ٹورنامنٹ شاندار کارکردگی پیش کرنے والے کھلاڑیوں کو آگے بڑھنے کا موقع فراہم کررہا ہے، اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے کھلاڑیوں کو پی سی بی کے ڈومیسٹک سیزن 22-2021 میں کھیلنے کا موقع ملے گا۔

آئندہ سیزن میں پاتھ ویز کرکٹ کے لیے اضافی میچز شامل کئے گئے ہیں جس کے لیے پی سی بی نے چھ کرکٹ ایسوسی ایشنز کو اجازت دی ہے وہ انڈر16 اور انڈر19 کے لیے دو ٹیمیں شامل کرسکتی ہیں۔

نیشنل انڈر19 تین روزہ چیمپئین شپ میں 12 ٹیمیں میچز میں حصہ لیں گی اور ایک روزہ کپ تین اکتوبر سے 12 نومبر تک گوجرنوالہ، اسلام آباد، مرید کے، راولپنڈی اور سیالکوٹ میں کھیلا جائے گا، مزید 12 ٹیمیں نیشنل انڈر16 کپ میں 8 سے 19 مارچ تک 31 میچ کھیلیں گی۔ راولپنڈی سنگل لیگ مقابلوں کی میزبانی کرے گا۔

کوویڈ19 وبائی مرض کی وجہ سے ایک سال کے وقفے کے بعد قومی انڈر13 ون ڈے کپ بھی قومی سرکٹ میں واپس آگیا ہے۔ یہ سنگل لیگ ایونٹ فیصل آباد میں 8 سے 18 فروری 2022 کو منعقد ہوگا۔

**ڈائریکٹر ہائی پرفارمنس - ندیم خان:** ندیم خان کا کہنا ہے سیزن 22-2021 ایج گروپ کرکٹ کے سیزن کے لیے ہر کرکٹ ایسوسی ایشن کو دو U16 اور U19 ٹیمیں میدان میں اتارنے کی اجازت دی جائے گی تاکہ ہم بنیادی سطح پر کھلاڑیوں کے پول کو بڑھا سکیں جس سے مستقبل کے کھلاڑیوں کو فائدہ حاصل ہو گا۔

ندیم خان کا مزید کہنا ہے کہ یہ حکمت عملی کرکٹ ایسوسی ایشنز کی منصوبہ بندی کے مطابق ہے جو کلبوں، اسکولوں اور یونیورسٹیوں کے بہترین کھلاڑیوں کو قومی ٹورنامنٹس میں اپنی صلاحیتوں کے اظہار کے مواقع فراہم کرتی ہے۔

انہوں نے کہا انڈر 16 اور انڈر 19 مقابلوں میں کھلاڑیوں کو وہی ماحول فراہم کیا جائے گا جیسا کہ سینئر کرکٹ میں ہوتا ہے یہ عمل پیشہ ورانہ کرکٹرز کی حیثیت سے ان کی مجموعی ترقی میں معاون ثابت ہو گا۔

سیزن 22-2021 پندرہ ستمبر کو آٹھ روزہ کرکٹ ایسوسی ایشن ٹی 20 ٹورنامنٹ کے ساتھ شروع ہو گا جس میں چھ سکینڈ الیون کرکٹ ایسوسی ایشنز کی ٹیمیں کوئٹہ میں مدمقابل ہونگی۔

نیشنل ٹی 20 کپ ملک کے بہترین مختصر فارمیٹ کے کھلاڑیوں پر مشتمل ہے جو 25 ستمبر سے 13 اکتوبر تک منعقد ہو گا۔ پہلے راؤنڈ کے اٹھارہ میچ ملتان میں ہوں گے جبکہ باقی پندرہ میچز لاہور میں منعقد ہونگے جن میں دو سیمی فائنل اور فائنل بھی شامل ہیں۔

پاکستان کا ڈومیسٹک ایونٹ قائداعظم ٹرافی 20 اکتوبر سے شروع ہو گا۔ 10 راؤنڈ سنگل لیگ کے پہلے نصف مقابلے ملتان، فیصل آباد اور لاہور میں ہوں گے۔ اس کے بعد ایونٹ کراچی منتقل ہو جائے گا جہاں 29 دسمبر سے پانچ روزہ فائنل کا اختتام ہو گا۔

سیکنڈ الیون کے لیے تین روزہ ڈبل لیگ کرکٹ ایسوسی ایشن چیمپئن شپ 28 ستمبر سے 14 نومبر تک ہو گی جبکہ 50 اوور کی سنگل لیگ کرکٹ ایسوسی ایشن چیلنج سیکنڈ الیون 19 سے 27 نومبر تک کھیلی جائے گی۔ دونوں ٹورنامنٹ فیصل آباد، لاہور اور شیخوپورہ میں ہوں گے۔

2021-22 کے سیزن کا اختتام 30 مارچ کو لاہور میں ایک روزہ پاکستان کپ کے فائنل کے ساتھ ہو گا، 25 فروری سے شروع ہونے والا ٹورنامنٹ ڈبل لیگ کی بنیاد پر کھیلا جائے گا۔ ایونٹ کے باقی دو وینیوز فیصل آباد اور ملتان ہوں گے۔

**ندیم خان:** ندیم خان کا اس موقع پر کہنا ہے کہ ہم معیار پر مبنی کرکٹ سیزن منعقد کرنے لیے بہت پرجوش ہیں جو نہ صرف پیشہ ور کرکٹرز کی مہارت، تکنیک اور فٹنس کی جانچ کرے گا بلکہ سلیکٹرز اور کوچز کو قومی فریم ورک میں شامل کرنے کے لیے بہترین کارکردگی دکھانے والوں کی شناخت کرنے میں مدد فراہم کرے گا۔

اُن کا مزید کہنا ہے یہ سیزن پچھلے سیزن کی طرح مشکل ہو گا جو کھلاڑیوں کو بھرپور طریقے سے پرکھے گا لیکن یہ بالکل اُسی طرح ہے جیسا ہم چاہتے ہیں۔ ہم دیکھنا چاہتے ہیں کہ ہمارا نظام ذہنی اور جسمانی طور پر ایسے سخت کھلاڑی پیدا کرتا ہے جو ہر طرح کے حالات میں کسی بھی ٹیم کے خلاف کارکردگی پیش کرسکتے ہیں۔

فرسٹ الیون کے زیادہ تر میچوں کو ٹیلی ویژن اور ڈیجیٹل براڈکاسٹ کی سہولت فراہم کی جائے گی۔

ندیم خان نے کہا پچھلے سیزن کی طرح پی سی بی نہ صرف ان کھلاڑیوں کے لیے کھیلنے کے مواقع پیدا کرے گا بلکہ انہیں معیاری کھیل کی سہولیات کے ساتھ ساتھ بین الاقوامی معیار کی رہائش اور بورڈنگ بھی فراہم کرے گا تاکہ وہ اپنی بہترین پرفارمنس پیش کرسکیں۔ ہم چاہتے ہیں کہ ہمارا ڈومیسٹک نظام مضبوط اور قابل قدر ہو۔

ٹورنامنٹ کے شیڈول، اسکواڈز اور میچ آفیشلز کی تقرری ایونٹس کے مطابق کی جائے گی۔

شیڈول میچز (نوٹ: اتھارٹی مقررہ شیڈول میں تبدیلی کرسکتی ہے)

فرسٹ الیون

نیشنل ٹی20 (چھ ٹیمیں، 33 میچز) 25 ستمبر تا 13 اکتوبر
قائداعظم ٹرافی (چھ ٹیمیں، 31 میچز) 20 اکتوبر-29 دسمبر
پاکستان کپ (چھ ٹیمیں، 33 میچز) 25 فروری تا 30 مارچ 2022

سکینڈ الیون

کرکٹ ایسوسی ایشن ٹی ٹونٹی (چھ ٹیمیں، 15 میچز) 15-22 ستمبر
کرکٹ ایسوسی ایشن چیمپئن شپ (تین روزہ) (چھ ٹیمیں، 30 میچز) 28 ستمبر-14 نومبر
کرکٹ ایسوسی ایشن چیلنج (50 اوورز) (چھ ٹیمیں، 15 میچز) 19-27 نومبر

پاتھ وے کرکٹ

نیشنل انڈر 19 تین روزہ چیمپئن شپ اور ایک روزہ کپ (12 ٹیمیں، 62 میچز) 3 اکتوبر-12 نومبر
نیشنل انڈر 16 کپ (ایک روزہ) (12 ٹیمیں، 31 میچز) 8-19 مارچ 2022
نیشنل انڈر 13 کپ (ایک روزہ) (16 میچ) 8-18 فروری 2022

-ENDS-


Media contact:

**Media and Communications Department**
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk


**ABOUT THE PCB**

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan, which was established under the Sports (Development and Control) Ordinance 1962 as a body corporate having perpetual succession with exclusive authority for the regulation, administration, management and promotion of the game of cricket in Pakistan.

The PCB operates through its own Constitution, generates its revenues, which are reinvested in the development of cricket. It receives no grants, funds or monies from either the Federal or Provincial Governments, the Consolidated Funds or the Public Exchequer.

The PCB's mission is to inspire and unify the nation by channelising the passion of the youth, through its winning teams and by providing equal playing opportunities to all.

Over the next five years, the PCB will be focusing on six key priority areas that include establishing sustainable corporate governance, delivering world-class international teams, developing a grassroots and pathways framework, inspiring generations through our women's game, growing and diversifying commercial revenue streams, and enhancing the global image of Pakistan.

The PCB also remains committed to developing ground and facility cricket infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.

